


# ورلڈ نمبرون بیٹسمین، بابر اعظم، پہلی مرتبہ ہوم کراوڈ کے سامنے قومی ٹیم کی قیادت کریں گے

- 2007 میں پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان ٹیسٹ میچ کے دوران بال پکر کی حیثیت سے قذافی اسٹیڈیم آتا تھا، 13 سال قبل کا واقعہ آج بھی کل کی بات لگتی ہے، کپتان قومی ٹی ٹونٹی ٹیم
- گذشتہ 10 سالوں میں دیگر ممالک کی جانب سے ڈیبیو کرنے والے کرکٹرز سے موازنہ کیا جائے تو ہماری مشکلات کا اندازہ ہوگا، بابر اعظم
- سیریز کے تمام میچز کی ٹکٹیں www.yayvo.com سے آن لائن بک اور ٹی سی ایس کے مراکز سے خریدی جاسکتی ہیں
- تینوں ٹی ٹونٹی میچز دوپہر 2 بجے شروع ہوں گے

**لاہور، 22 جنوری 2020ء:**

دنیائے کرکٹ کے سب سے بہترین بیٹسمین، بابر اعظم بنگلہ دیش کے خلاف 24 جنوری بروز جمعہ سے شروع ہونے والی سیریز میں پاکستان کی قیادت کررہے ہیں۔ 25 سالہ کرکٹر 13 سال قبل اسی گراونڈ میں بال پکر کی حیثیت سے ذمہ داریاں نبھا چکے ہیں، وہ 2007 میں پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان ٹیسٹ سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میچ میں بال پکر رہے۔

بابر اعظم نے ستمبر 2016 میں پاکستان کی جانب سے انٹرنیشنل ڈیبیو کیا تھا تاہم 4 سال بعد دائیں ہاتھ کے بیٹسمین آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی رینکنگ میں پہلے، ایک روزہ کرکٹ میں تیسرے اور ٹیسٹ کرکٹ میں ساتویں بہترین بیٹسمین ہیں۔

بابر اعظم دنیائے کرکٹ میں دوسرے بیٹسمین ہیں جن کی ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں رنز بنانے کی اوسط 50 سے زائد ہے۔ وہ 36 ٹی ٹوئنٹی میچوں میں 50.17 کی اوسط سے 1405 رنز بنا چکے ہیں۔ بھارت کے کپتان ویرات کوہلی کی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں رنز بنانے کی اوسط 52 سے زائد ہے۔

بابر اعظم کو ستمبر 2019 میں پاکستان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹیم کا کپتان نامزد کیا گیا تھا۔ آسٹریلیا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں پاکستان کی قیادت کرنے والے بابر اعظم پہلی مرتبہ اپنے ہوم گراؤنڈ، قذافی اسٹیڈیم لاہور، میں کپتان کی حیثیت سے میدان میں اتریں گے۔

## بابر اعظم، کپتان قومی ٹی ٹوئنٹی ٹیم:

قومی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم کا کہنا ہے کہ وہ 2007 میں پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان ٹیسٹ میچ کے دوران بال پکر کی حیثیت سے قذافی اسٹیڈیم آتے تھے، 13 سال قبل کا واقعہ آج بھی کل کی بات لگتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ سیریز میں شامل انضمام الحق، یونس خان، محمد یوسف، مصباح الحق، گریم اسمتھ، جیک کیلس، ہاشم آملا اور ڈیل اسٹین جیسے نامور کرکٹرز کو دیکھنے کے لیے روزانہ 3 میل پیدل چل کر گھر سے قذافی اسٹیڈیم پہنچتے تھے۔

بابر اعظم نے کہا کہ کرکٹ سے محبت اور اپنے پسندیدہ کرکٹرز کو قریب سے دیکھنے کی لگن نے ہی انہیں آج اس مقام تک پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اب تک اپنے کرکٹ کیریئر میں اسپورٹ کرنے والے تمام افراد کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ بابر اعظم نے کہا کہ وہ اپنی کامیابی کا سہرا، پس پردہ رہنے والے ان تمام ہیروز کے نام کرتے ہیں، کوشش ہو گی کہ مستقبل میں بھی ان کی توقعات پر پورا اتر سکیں۔

بابر اعظم اب تک اپنے ہوم گراؤنڈ میں 10 ٹی ٹونٹی میچز کھیل چکے ہیں، جس میں ورلڈ الیون کے خلاف سیریز میں 86، 45 اور 48 رنز، 2017 میں سری لنکا کے خلاف ناقابل شکست 34 رنز، ویسٹ انڈیز کے خلاف 17، 97 اور ناقابل شکست 51 رنز سمیت سری لنکا کے خلاف 2019 میں 13، 3 اور 27 رنز پر مشتمل اننگز شامل ہیں۔

کپتان قومی ٹی ٹونٹی ٹیم بابر اعظم کا کہنا ہے کہ اپنے ہوم کراؤڈ کے سامنے بیٹنگ کے لیے میدان میں جاتے وقت شائقین کرکٹ کا جوش اور ولولہ کسی بھی کھلاڑی کی حوصلہ افزائی کا سبب بنتا ہے۔ بابر اعظم نے کہا کہ ایک طویل عرصہ پاکستان میں کرکٹ کی سرگرمیاں ممکن نہ ہونے کے اثرات بھی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ان کا شمار بھی پاکستان کے ان کرکٹرز میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنے کرکٹ کیریئر کے آغاز کا زیادہ تر حصہ بیرون ملک کرکٹ کھیل کر گزارا۔

بابر اعظم نے کہا کہ گذشتہ 10 سالوں میں دیگر ممالک کی جانب سے ڈیبیو کرنے والے کرکٹرز سے موازنہ کیا جائے تو ہماری مشکلات کا اندازہ ہوگا تاہم اب یہ سب ماضی کا حصہ بن چکا۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کے خلاف سیریز میں قومی ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹیم کی قیادت کرنا ان کے لیے اعزاز ہے۔

قومی ٹی ٹونٹی ٹیم کے کپتان بابر اعظم کا کہنا ہے کہ بنگلہ دیش کے خلاف سیریز کے اعلان سے لے کر اب تک وہ بہت پرجوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیریز کے لیے منتخب کردہ قومی اسکواڈ بہترین سینئر اور باصلاحیت نوجوان کھلاڑیوں پر مشتمل ہے۔ بابر اعظم نے کہا کہ ہوم کراؤڈ کے سامنے قومی ٹیم کی قیادت کرنا ان کے بچپن کا خواب تھا جو 24 جنوری کو حقیقت کا روپ دھارے گا۔

بابر اعظم نے کہا کہ شعیب ملک اور محمد حفیظ کی صورت میں سینئر کھلاڑیوں کی موجودگی اسکواڈ میں شامل نوجوان کھلاڑیوں کے لیے مفید ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بے شک قومی ٹی ٹونٹی ٹیم کو گذشتہ 9 میں سے 8 میچوں میں شکست کا سامنا کرنا پڑا مگر انہیں یقین ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم، ٹی ٹونٹی فارمیٹ کی بہترین ٹیم ہے اور ہم اس طرز کی کرکٹ میں بہترین نتائج دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

سیریز کے تمام میچز کی ٹکٹیں www.yayvo.com سے آن لائن بک اور ٹی سی ایس کے مراکز سے خریدی جاسکتی ہیں۔

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان ٹی ٹونٹی سیریز کا پہلا میچ 24 جنوری بروز جمعہ کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔

**اسکواڈ:**

بابر اعظم، کپتان (سنٹرل پنجاب)، احسان علی (سندھ)، عماد بٹ (بلوچستان)، حارث رؤف (ناردرن)، افتخار احمد (خیبر پختونخوا)، عماد وسیم (ناردرن)، خوشدل شاہ (خیبر پختونخوا)، محمد حفیظ (سدرن پنجاب)، محمد حسنین (سندھ)، محمد رضوان، وکٹ کیپر (خیبر پختونخوا)، موسیٰ خان (ناردرن)، شاہین شاہ آفریدی (ناردرن)، شعیب ملک (سدرن پنجاب) اور عثمان قادر (سنٹرل پنجاب)۔

**شیڈول:**

**24 جنوری بروز جمعہ:** پہلا ٹی ٹونٹی میچ بمقام لاہور
**25 جنوری بروز ہفتہ:** دوسرا ٹی ٹونٹی میچ بمقام لاہور
**27 جنوری بروز پیر:** تیسرا ٹی ٹونٹی میچ بمقام لاہور
**7 تا 11 فروری:** پہلا ٹیسٹ میچ بمقام راولپنڈی
**3 اپریل بروز جمعہ:** واحد ایک روزہ میچ بمقام کراچی
**5 تا 9 اپریل:** دوسرا ٹیسٹ میچ بمقام کراچی

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk